# دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

**جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ممتاز ہاکی کھلاڑی میجر دھیان چند کی سالگرہ کی یاد منانے کے لیے نیشنل اسپورٹ ڈے دو ہزار پچیس منایا**

New Delhi, September 3, 2025

گیمز اینڈ اسپورٹس ڈپارٹمنٹ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ہندوستان کے ممتاز کھلاڑی میجر دھیان چند کی سالگرہ کی یاد منانے کے لیے مورخہ انتیس اگست سے اکتیس اگست دو ہزار پچیس تک 'نیشنل اسپورٹس ڈے (این ایس ڈے) دو ہزار پچیس منایا۔ اس سال کی تھیم میں کھیل کی قوت وطاقت کے ذریعے صحت مند، شمولیتی اور فعال ہندوستان کے ساجھا عہد کی عکاسی ہو رہی تھی اور این ایس ڈی کی ٹیگ لائن :'ایک گھنٹہ کھیل کے میدان میں' تھی۔

اس موقع پر مورخہ انتیس اگست سے اکتیس اگست دو ہزار پچیس کے درمیان جامعہ ملیہ اسلامیہ میں مختلف سرگرمیاں اور پروگرام منعقد ہوئے۔ اکتیس اگست دو ہزار پچیس کو 'سنڈے آن سائیکل' کا پروگرام منعقد ہوا جس میں یونیورسٹی کے تدریسی وغیر تدریسی عملہ نے حصہ لیا۔ پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بھی پروگرام میں حصہ لیا۔ سائیکل سواروں نے صحت کے فروغ کے لیے تقریبا آدھا گھنٹہ سائیکل کی سواری کی اور اس دوران 'میجر دھیان چند کی یاد میں ایک گھنٹہ کھیل کے میدان میں' کے نعرے لگائے۔ سائیکل سواری سینٹنری گیٹ (گیٹ نمبر تیرہ) سے صبح سات بجے شروع ہوئی اور فیکلٹی آف لا کی طرف گئی اور وہاں سے فیکلٹی آف انجیئر نگ کا چکر لگاتے ہوئے واپس سینٹینری گیٹ (گیٹ نمبر تیرہ) پر آ گئی۔

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ہندوستان کے مایہ ناز اور کھیل کے میدان کی انتہائی محترم شخصیت میجر دھیان چند جنھیں 'ہاکی کا جادوگر' کہا جاتا ہے ان کے اہم اثر پر زور دیا۔ پروفیسر آصف نے تدریسی وغیر تدریسی عملہ سے اپیل کی کہ وہ موٹاپے کی خرابیوں سے نمٹنے کے لیے صحت مند طرز زندگی اپنائیں اور صحت کی سرگرمیوں میں خود کو مصروف رکھیں۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے گیمز اور اسپورٹ شعبے کی سرگرمیوں کی تعریف کی جس نے نیشنل اسپورٹس ڈے دو ہزار پچیس کی تقریبات میں اسپورٹنگ اور فٹنس کے پروگرام منعقد کر رہی ہے۔ انھوں نے صحت مند طرز زندگی اور روزمرہ کی زندگی میں جسمانی ورزش کی اہمیت اجاگر کی۔

پروفیسر نفیس احمد، اعزازی ڈائریکٹر گیمز اینڈ اسپورٹس، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے نیشنل اسپورٹس ڈے دو ہزار پچیس منانے سے متعلق مختصر لیکن جامع رپورٹ پیش کی۔ انھوں نے ذاتی زندگی اور دفتری زندگی میں توازن کو فروغ دینے اور کھیل کود اور فٹنس سے متعلق سرگرمیوں میں حصہ لے کر پائیدار زندگی کی اپیل کی۔

انتیس اور تیس اگست دو ہزار پچیس کو تدریسی وغیر تدریسی اسٹاف کے لیے والی بال ٹورنامنٹ اور کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد ہوا۔

اس سے پہلے انتیس اگست دو ہزار پچیس کو جامعہ اسکول کے بچوں کے لیے میجر دھیان چند انٹر اسکول ہاکی ٹورنامنٹ کا اعلان ہوا تھا۔ جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول کے ملٹی پرپز ہال میں اسکول اسپورٹس کے بچوں کے لیے ایک اورینٹیشن پروگرام منعقد ہوا۔ فٹ انڈیا مشن سے متعلق ایک لیکچر بھی منعقد ہوا۔ گیمز اینڈ اسپورٹس کے اعزازی ڈائریکٹر نے جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول کے ملٹی پرپز ہال میں یہ لیکچر دیا۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ